AGA KHAN UNIVERSITY EXAMINATION BOARD

SECONDARY SCHOOL CERTIFICATE

CLASS X EXAMINATION

MAY 2012

Pakistan Studies Paper II

Time allowed: 1 hour 30 minutes   Marks 30

ہدایات

درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔

1۔ آپ اپنا نام اور اپنے اسکول سے متعلق کوائف کو غور سے پڑھیے اور تصدیق کیجیے کہ وہ درست ہیں۔

میں تصدیق کرتا / کرتی ہوں کہ میرا اور میرے اسکول کا نام درست ہے۔ **امیدوار کے دستخط**

2۔ **خصوصی ہدایت:** اس پرچے میں کل **چھے** سوالات ہیں۔ تمام سوالوں کے جوابات دیجیے۔ سوال نمبر 6 میں دو انتخاب دیے گئے ہیں۔ کوئی ایک حل کیجیے۔

3۔ اپنے جوابات لکھتے وقت ان باتوں کا خیال رکھیے:

ہر سوال کو غور سے پڑھیے۔

شکل کے لیے سیاہ پنسل استعمال کیجیے۔ رنگین پنسل ہر گز استعمال نہ کیجیے۔

کسی بھی قسم کی پن، گوند یا سیاہی مٹانے والی کوئی بھی چیز استعمال نہ کیجیے۔

صفحے کے چوکھٹے (باکس) کے باہر کچھ نہ لکھیے۔ اپنا جواب صرف دی گئی سطور میں مکمل کیجیے۔

4۔ ہر سوال کے نمبر قوسین ( ) میں دیے گئے ہیں۔

سوال۔1 (کل 5 نمبر)

(الف) ”تجارت“ اور ”کاروبار“ کی تعریف کیجیے۔ (2 نمبر)

(ب) ایسے کسی تین عوامل پر گفتگو کیجیے جن پر کسی صنعت کے قیام سے قبل غور وخوص کرنا چاہیے۔ (3 نمبر)

سوال۔2 (کل5 نمبر)

(الف) "ون یونٹ" منصوبہ کیا تھا؟ (1 نمبر)

(ب) ذوالفقار علی بھٹو کی کسی دو تعلیمی پالیسیوں سے ملک پر پڑنے والے اثرات پر بحث کیجیے۔ (4 نمبر)

براہِ کرم صفحہ الٹیے

سوال-3 (کل 5 نمبر)

(الف) پاکستان میں مردم شماری خواتین کی آبادی کی صحیح تعداد کیوں نہیں بتاتی ہے؟ (2نمبر)

(ب) (3نمبر)

ہم عمر طبقہ	تبدیلی کا واقع ہونا
0-14	اضافہ ہو رہا ہے
15-64	کمی ہو رہی ہے
65 سال اور اس سے زائد عمر	اضافہ ہو رہا ہے

پیش کردہ جدول پاکستان میں بلحاظ عمر گروہ کی آبادی کو ظاہر کر رہی ہے۔ دیے گئے جدول میں کس قسم کے سماجی مسائل پیدا ہونے کی نشان دہی کی گئی ہے؟

سوال۔4 (کل 5 نمبر)

(الف) بھارت اور پاکستان کے مابین مسائل کے حل کے لیے کوئی **تین** تجاویز پیش کیجیے۔ (3 نمبر)

(ب) چین نے بار بار پاکستان کا اچھا ہمسایہ ہونے کا ثبوت دیا ہے۔ دو نکات کی مدد سے دیے ہوئے بیان پر بحث کیجیے۔ (2 نمبر)

سوال۔5 (کل 5 نمبر)

(الف) کسی فلاحی ریاست میں " اجتماعی عدل " کی اہمیت پر روشنی ڈالیے۔ (3 نمبر)

(ب) کسی فلاحی ریاست میں کسی شہری کی دو ذمے داریوں کا تذکرہ کیجیے۔ (2 نمبر)

سوال۔6 (کل 5 نمبر)

(الف)



درج بالا پیش کردہ اہرام آبادی (population pyramid) کے حوالے سے تقسیم آبادی کا تجزیہ کیجیے۔

یا

(ب) پاکستان میں تعلیم کے میدان میں ترقی اور پیش رفت کی راہ میں رکاوٹ ڈالنے والے کسی پانچ مسائل پر گفتگو کیجیے۔

اختتام

Please use this page for rough work